# 48978 ـ جب مغرب کے ساتھ عشاء کی نماز جمع تقدیم کی جائے تو اس کے فورا بعد وتر ادا کیا جا سکتا ہے

**سوال**

اگر میں سفر کی بنا پر مغرب اورعشاء کی نماز جمع تقدیم کر کے ادا کروں تو وتر کب ادا کرونگا ؟
کیا عشاء کی نماز کے فورا بعد ادا کروں، یا کہ عشاء کی نماز کا وقت ہونے کا انتظار کروں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

آپ کو حق ہے کہ نماز عشاء کے فورا بعد وتر ادا کرلیں.

مستقل فتاوی کمیٹی کے فتاوی جات میں ہے:

مسافر اور مریض کے لیے دو نمازیں جمع کرنا مشروع ہے، اور مقیم شخص بھی بارش والی رات جمع کرسکتا ہے، اور اسے حق ہے کہ وہ جمع تقدیم کے بعد وتر ادا کرلے.

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء ( 8 / 144 ).

واللہ اعلم .